**21.09.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

.........................................................................

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی امریکہ کے تین روزہ دورے پر Philadelphia پہنچ گئے ہیں۔ وہ کواڈ سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے اور اعلیٰ سطحی دوطرفہ میٹنگیں کریں گے۔
- ☆ عام آدمی پارٹی کی لیڈر آتشی کو دلّی کی وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف دلایا گیا ہے۔ پانچ کابینی وزراء نے بھی حلف لیا ہے۔
- ☆ مرکز نے نوجوانوں میں تمباکو کے استعمال کی روک تھام کیلئے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ایڈوائزری جاری کی ہے۔
- ☆ سری لنکا میں صدارتی انتخابات میں تقریباً 80 فیصد ووٹنگ درج کی گئی ہے۔
- ☆ اور چنئی کرکٹ ٹیسٹ میچ میں تیسرے دن بنگلہ دیش دوسری اننگز میں بھارت سے 357 رن پیچھے ہے۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### ***PM-US-Visit***

وزیر اعظم نریندر مودی امریکہ کے تین روزہ دورے پر آج شام Philadelphia پہنچے ہیں۔ اپنے دورے میں وہ کئی اعلیٰ سطحی میٹنگیں کریں گے۔ وزیر اعظم آج رات نصف شب کے بعد کواڈ رہنماؤں کی چھٹی سالانہ سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

اس سلسلے میں اب ہم اپنی نامہ نگار ہیمانی سے بات کریں گے جو وزیر اعظم کے دورے کیلئے امریکہ میں ہیں۔

1 ہیمانی آپ سے ہم یہ جاننا چاہیں گے کہ آج وزیراعظم کی کیا مصروفیات ہیں؟

2 موجودہ عالمی منظرنامے کے تناظر میں بھارت کی موجودگی خاص طور سے کواڈ گروپ میں وزیر اعظم مودی کی موجودگی کا آپ کیا اثر دیکھتی ہیں؟

ہیمانی آپ کا شکریہ!

وزیر اعظم مودی کل نیویارک جائیں گے جہاں وہ بھارتی برادری سے بات چیت کریں گے اور امریکہ کی سرکردہ کمپنیوں کے اعلیٰ عہدیداران سے ملاقات کریں گے۔

اپنے دورے کے آخری روز پیر کو جناب مودی نیویارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں مستقبل کیلئے سربراہ کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ اس سربراہ کانفرنس کا موضوع ہے ''بہتر کل کی خاطر کثیر رخی حل''

اِس سے قبل آج اپنی روانگی کے وقت بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ کواڈ فورم بھارت-بحرالکاہل خطے میں امن، ترقی اور خوشحالی کی خاطر ہم خیال ملکوں کا ایک اہم گروپ بن کر اُبھرا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ وہ کواڈ سربراہ کانفرنس میں شرکت کے منتظر ہیں۔x

## J&K Campaigning

جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے انتخابی تیز ہوگئی ہے۔ اِس مرحلے کے تحت چھ ضلعوں میں پھیلی 26 اسمبلی سیٹوں پر اِس ماہ کی 25 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں جموں وکشمیر میں غیرمعمولی تبدیلی آئی ہے اور ریاست دہشت گردی سے امن کی جانب گامزن ہے۔ پنچھ ضلع کے Mendhar میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ جموں وکشمیر کے نوجوانوں کے ہاتھوں میں پتھر کی بجائے اب لیپ ٹاپ ہیں۔ جناب شاہ نے راجوری اور جموں اضلاع میں بھی ریلیوں سے خطاب کیا۔x

## Atishi Delhi CM

عام آدمی پارٹی کی رہنما آتشی کو آج دلّی کی وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف دلایا گیا۔ دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر وی کے سکسینہ نے راج نواس میں ایک تقریب میں آتشی اور اُن کے وزراء کی کونسل کو عہدے کا حلف دلایا۔ عام آدمی پارٹی کے لیڈر گوپال رائے، کیلاش گہلوت، سوربھ بھاردواج، عمران حسین اور مکیش اہلاوَت کو کابینی وزراء کی حیثیت سے حلف دلایا گیا۔

بعد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے آتشی نے اُن پر اعتماد کرنے اور دلّی کے لوگوں کی خدمت کی ایک بڑی ذمے داری اُنہیں دینے پر اروند کجریوال کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے کہا کہ زیر التوا ترقیاتی کاموں میں تیزی آئے گی۔

وزیر اعلیٰ آتشی نے BJP پر قومی راجدھانی میں ترقیاتی کاموں میں رکاوٹ پیدا کرنے کا الزام لگایا۔

S/B 2100 Aatishi

دلّی BJP کے صدر وریندر سچدیوا نے نئی ذمے داری سنبھالنے پر آتشی کو مبارکباد دی ہے۔ ایک ویڈیو پیغام میں جناب سچدیوا نے الزام لگایا کہ صرف وزیر اعلیٰ کا چہرہ تبدیل ہوا ہے حکومت کا کردار نہیں۔

S/B 2100 Virendra

آتشی، کالکاجی اسمبلی سیٹ سے رکن اسمبلی ہیں۔ وہ BJP کی سشما سوراج اور کانگریس کی شیلا دکشت کے بعد

دلّی کی تیسری خاتون وزیر اعلیٰ بنی ہیں۔ اِس سے پہلے اِس ہفتے کے شروع میں اروند کجریوال نے اپنے وزراء کی کونسل کے ہمراہ لیفٹیننٹ گورنر کو اپنا استعفیٰ سونپ دیا تھا۔x

## Centre Tobacco Free Instituion

مرکز نے نوجوانوں کے درمیان تمباکو نوشی کی روک تھام کیلئے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ایک ایڈوائزری جاری کی ہے۔ تعلیم کی مرکزی وزارت اور صحت و خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت نے مشترکہ طور پر تمباکو نوشی سے پاک تعلیمی اداروں کیلئے رہنما خطوط اور مینول کے مؤثر نفاذ کیلئے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے چیف سکریٹریوں کو ایڈوائزری جاری کی ہے۔ اس ایڈوائزری میں نوجوانوں بالخصوص بچوں اور نوعمر افراد پر تمباکو نوشی کے مضر اثرات اور سنگین خطرات کو اجاگر کیا گیا ہے۔ اِس میں عالمی سطح پر نوجوانوں میں تمباکو نوشی سے متعلق سروے 2019 کے مطالعات پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ اس سروے میں انکشاف ہوا تھا کہ بھارت میں 13 سے 15 سال کے ساڑھے 8 فیصد اسکولی طلباء مختلف شکلوں میں تمباکو کا استعمال کر رہے ہیں۔

اس سروے میں یہ بات بھی سامنے آئی تھی کہ زندگی بھر تمباکو نوشی کرنے والے افراد میں سے 55 فیصد 20 سال سے کم کی عمر میں اس لعنت کے شکار ہوئے۔ اس ایڈوائزری میں تمام متعلقہ فریقوں کی مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے تاکہ تمباکو لت کے خطرات سے نوجوانوں کی حفاظت کی جاسکے۔ x

## Puri Brazil Visit

بھارت اور برازیل نے توانائی اور دو طرفہ تجارت کے شعبوں میں موجودہ اشتراک و تعاون اور سود مند تعلقات نیز پائیدار ایندھن بالخصوص حیاتیاتی ایندھن کے شعبے میں باہمی تعاون کا جائزہ لیا۔ یہ بات، پٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری اور برازیل کے کانکنی اور توانائی کے وزیر Alexander Silveria کے درمیان میٹنگ کے بعد ایک مشترکہ بیان میں کہی گئی۔ جناب پوری، جمعرات کے روز سے برازیل کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ میٹنگ کے دوران دونوں ملکوں نے اثاثے میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع کے ذریعے برازیل میں بھارتی کمپنیوں کی تعداد میں اضافے کے لیے نئے ممکنہ طریقے تلاش کرنے کیلئے اپنے عزم کو دوہرایا۔ x

## SL Prez Election

سری لنکا میں آج نئے صدر کیلئے انتخاب ہوا اور ووٹنگ مجموعی طور پر پُر امن رہی۔ 2022 میں انتہائی خراب اقتصادی صورتحال کے بعد ہوئے اِس چناؤ میں 75 سے 80 فیصد کے درمیان ووٹنگ ہونے کی خبر ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..................

VC Ahmed Muyeen Farooqi

## Gujarat Swachhta Hi Seva

گجرات میں صرف چار روز کے دوران سووچھتا ہی سیوا مہم، ایک عوامی تحریک بن چکی ہے۔ ریاست کے دیہی

ترقیات کے وزیر راگھوجیت پٹیل نے کہا ہے کہ گزشتہ چار روز کے دوران 25 لاکھ سے زیادہ لوگوں نے صفائی ستھرائی کی اس مہم میں شرکت کی اور اس میں 27 لاکھ سے زیادہ افرادی گھنٹے دیئے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Aparna Khunt

سووچھ بھارت مشن کے 10 سال مکمل ہونے کا جشن مناتے ہوئے ملک بھر میں ''سوبھاؤ سووچھتا اور سنسکار سووچھتا'' کے مرکزی خیال کے ساتھ ملک بھر میں سووچھتا ہی سیوا مہم منعقد کی جا رہی ہے۔

اس مہم کے حصے کے طور پر ریاست بھر میں تقریباً ایک لاکھ کلوگرام کچرے اور 60 ہزار کلو گرام سے زیادہ واحد استعمال والے پلاسٹک کو ٹھکانے لگایا گیا۔ اس مہم کے تحت پچھلے چار روز کے دوران صحت اور صفائی ستھرائی کو فروغ دینے کے لئے 6 ہزار 500 سے زیادہ یوگا کیمپوں کا بھی اہتمام کیا گیا۔

اس کے علاوہ 6 ہزار 477 سی ٹی یو اور ایک ہزار 800 سے زیادہ آبی ذخائر کو بھی اچھی طرح صاف کیا جا رہا ہے۔

ریاستی حکومت، آئندہ 2 اکتوبر کو بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ضلعوں، تعلقوں اور گاؤوں کو ایک کروڑ روپے تک کے انعامات تقسیم کرے گی۔

احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں محمد عمار

## MM Lawrence Demise

CPI-M کے آزمودہ کار رہنما M M Lawrence کا آج طویل علالت کے بعد ایک پرائیویٹ اسپتال میں انتقال ہوگیا۔ وہ 95 سال کے تھے۔ وہ کافی عرصے سے بیمار تھے اور سرگرم سیاست ترک کرنے کے بعد زیادہ تر کوچی میں واقع اپنے گھر تک محدود تھے۔ وہ 1980 سے 1984 تک Idukki لوک سبھا حلقے سے رکنِ پارلیمنٹ رہے۔ وہ ورکروں کے حقوق کی پُرزور وکالت کیلئے مشہور تھے۔ کیرالہ کے وزیر اعلیٰ Pinarayi Vijayan، اپوزیشن رہنما V.D. Satheesan اور دیگر شخصیات نے معروف کمیونسٹ لیڈر کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ x

## IAF Oman Exercise

عمان کے Masirah میں بھارتی فضائیہ نے عمان کی شاہی فضائیہ کے ساتھ فوجی مشق Eastern Bridge-7 کو کامیابی کے ساتھ مکمل کیا۔ اِس مشق میں کئی اہم تربیتی مشن انجام دیئے گئے۔ اس مشق میں بھارتی فضائیہ کے مِگ-29 اور جگوار طیارے، جبکہ عمان کی شاہی فضائیہ کے F-16 اور Hawk طیارے نے شرکت کی۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ اس مشق کی تکمیل سے علاقائی امن اور سلامتی کو برقرار رکھنے کے تیئں بھارت اور عمان کے عزم کی واضح عکاسی ہوتی ہے۔ وزارت دفاع نے مزید کہا کہ دونوں ملکوں کی فضائیہ نے مختلف حالات میں مشترکہ طور پر فوجی کارروائی کرنے کی اپنے صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا اور سیکیورٹی کے ابھرتے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے اپنی تیاری کو مستحکم کیا۔ x

## Secretary UN Summit

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کی وزارت کی سکریٹری Leena Nandan نے آج کہا کہ بین الاقوامی توانائی ایجنسی IEA کا تخمینہ ہے کہ مشن LiFE یعنی ماحولیات کیلئے پائیدار طرز زندگی، 2030 تک عالمی سطح پر سالانہ 2 ارب ٹن گرین ہاؤس گیس کے اخراج کو کم کرسکتا ہے۔ اقوام متحدہ ہیڈکوارٹرس میں ایک سربراہ اجلاس کے دوران خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مشن LiFE ، ماحولیات دوست تقاضوں اور پائیدار طرز زندگی کو اپنانے کے لئے روز مرہ کی طرز زندگی میں تبدیلی کو فروغ دیتا ہے۔ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اِس مہم کے تحت 5 جون سے 17 ستمبر تک ملک میں 7 کروڑ 50 لاکھ پیڑ لگائے گئے ہیں۔
x

## Al Zheimer Day

آج دنیا بھر میں Alzheimer کا عالمی دن منایا جارہا ہے جس کا مقصد Alzheimer اور Dementia کے بارے میں بیداری میں اضافہ کرنا، اِن کے بارے میں صحیح معلومات کو فروغ دینا اور اِن سے پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنا ہے۔ Alzheimer ایک ایسی نفسیاتی بیماری ہے جس میں دماغ کے خلیوں کو نقصان پہنچتا ہے جس کے سبب یادداشت میں کمی آنے لگتی ہے اور سماجی رابطے بھی کم ہوجاتے ہیں۔

S/B Dr. Manjari Tripathi AIIMS

## Cricket Stumps

کرکٹ میں، چنئی میں بنگلہ دیش کے خلاف پہلے ٹیسٹ میچ میں بھارت کی پوزیشن مضبوط ہے۔ آج تیسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک بنگلہ دیش نے اپنی دوسری اننگز میں 4 وکٹ کے نقصان پر 158 رن بنالئے تھے۔ بنگلہ دیش اب بھی 357 رن سے پیچھے ہے اور اُس کے 6 وکٹ باقی ہیں۔ آج کا کھیل ختم ہونے تک نجم الحسین Shanto اِکیاون رن پر اور شکیب الحسن پانچ رن پر کھیل رہے تھے۔ بھارت کیلئے روی چندرن اشون نے تین وکٹ جبکہ جسپریت بمراہ نے ایک وکٹ حاصل کیا۔

اِس سے قبل بھارت نے دوسری اننگز میں چار وکٹ پر 287 رن بنا کر آج اننگز ختم کرنے کا اعلان کیا اور بنگلہ دیش کو جیت کیلئے 515 رن کا بڑا اسکور دیا ہے۔ شبھ من گِل اور رشبھ پنت نے سنچریاں بنائیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆